روزنامہ
FR-10
1913ء سے جاری شدہ
# الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
جمعرات 26 مارچ 2015ء 5 جمادی الثانی 1436 ہجری 26 امان 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 70

## منع فرمایا ہے

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چغلی کرنے اور سننے دونوں کو منع فرمایا ہے۔

(مجمع الزوائدباب الغیبة جلد8صفحہ91)

# ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

ایک دوسرے کے ساتھ خوش خلقی سے پیش آؤ۔ کسی کی غیبت نہ کرو۔ چغلی نہ کرو۔ کسی کے مال میں خیانت نہ کرو، کسی سے بغض اور کینہ نہ رکھو۔ عورتوں میں چغلی اور غیبت کی مرض بہت پائی جاتی ہے۔ اگر کسی کے متعلق کوئی بات سن لیں تو جب تک دوسری کے سامنے بیان نہ کرلیں انہیں چین نہیں آتا۔ جو بات سنتی ہیں جھٹ دوسری جگہ بیان کر دیتی ہیں۔ حالانکہ چاہئے یہ کہ اگر کوئی بھائی بہن کا نقص یا عیب بیان کرے تو اسے منع کر دیا جائے لیکن ایسا نہیں کیا جاتا۔ تو چغلی کرنا بہت بڑا عیب ہے اتنا بڑا عیب ہے کہ قرآن کریم سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض لوگ اسی کی وجہ سے جہنم میں ڈالے جائیں گے۔ ایک دفعہ رسول کریم ﷺ کہیں جا رہے تھے کہ راستہ میں دو قبریں آئیں۔ آپؐ وہاں ٹھہر گئے اور فرمایا خدا تعالیٰ نے مجھے بتایا ہے کہ ان قبروں کے مردے ایسے چھوٹے چھوٹے گناہوں کی وجہ سے جہنم میں پڑے ہوئے ہیں کہ جن سے بآسانی بچ سکتے تھے لیکن بچے نہیں۔ ان میں سے ایک تو پیشاب کے چھینٹوں سے اپنے آپ کو نہیں بچاتا تھا اور دوسرا چغلی کرتا تھا۔ تو چغلی بہت بڑا عیب ہے اس میں ہرگز مبتلا نہیں ہونا چاہئے۔ اگر تمہارے سامنے کوئی کسی کے متعلق برا کلمہ کہے تو اسے روک دو اور کہہ دو ہمیں نہ سناؤ بلکہ جس کا عیب ہے اسے جا کر سناؤ۔ پھر اگر کوئی بات سن لو تو جس کے متعلق ہو اس کو جا کر نہ سناؤ تا کہ فساد نہ ہو۔ (انوار العلوم جلد 5 ص 161)

تیسری بات جو قابل ترک ہے وہ سخت کلامی اور درشتی ہے۔ یہ بھی بہت بڑا عیب ہے بہت لوگ ہیں جو اپنے بھائی کے احساسات کا خیال نہیں رکھتے۔ ذرا ذرا سی بات پر گالی دے دیتے ہیں یا سخت کلامی سے پیش آتے ہیں۔ مثلاً بجائے اس کے کہ مجلس میں آکر کہیں جگہ دیجئے۔ یہ کہہ دیں گے کہ کس طرح لٹاں پسار کے بیٹھے ہوئے ہو یعنی پاؤں پھیلا کر کیوں بیٹھے ہو؟ ایسے لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ اگر کسی سے کوئی مطالبہ کریں گے تو سختی سے اور کسی کا کچھ دینا ہوگا تو اس سے بھی لڑیں گے۔ ان میں نرمی، محبت اور آشتی نہیں ہوگی۔ حالانکہ رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ لڑائی، دنگا اور فساد ایسی ناپسندیدہ باتیں ہیں کہ جہاں یہ ہوتی ہیں وہاں سے خدا تعالیٰ کی برکتیں جاتی رہتی ہیں......۔

تم کسی پر درشتی اور سختی نہ کرو بلکہ ہر ایک کے ساتھ نرمی سے پیش آؤ۔ اس میں دونوں کا فائدہ ہے۔ لیکن اگر ایک درشتی کرتا ہے تو دوسرے کو چاہئے کہ نرمی اختیار کرے۔ اس طرح درشتی کرنے والا خود بخود شرمندہ اور نادم ہوگا اور معافی مانگے گا۔ ورنہ اگر دوسرا بھی درشتی کرے گا اور اس طرح بات بڑھے گی تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دونوں کا ایمان جاتا رہے گا اور دونوں کو نقصان اٹھانا پڑے گا۔

پھر درشت کلامی سے گالیوں پر لوگ اتر آتے ہیں۔ بعض لوگ نمازیں پڑھیں گے، دوسرے فرائض ادا کریں گے، دین کے کاموں میں حصہ لیں گے، لیکن گندی سے گندی ماں بہن کی گالیاں بھی دیں گے اور فساد پھیلائیں گے۔ اس طرح اپنے آپ کو تباہ کریں گے اور دوسروں کو اشتعال دلا کر ان کی بھی عاقبت خراب کریں گے۔ تمہیں چاہئے کہ اس تباہ کن فعل سے بچو اور نرمی کی عادت ڈالو تا کہ خدا تعالیٰ بھی تمہارے سے نرمی سے پیش آئے۔ ورنہ اگر تم خدا تعالیٰ کی مخلوق پر درشتی کرتے ہو تو تم بھی اپنے آپ کو اس بات کا حق دار بناتے ہو کہ خدا تعالیٰ تم پر بھی درشتی کرے۔...... اکثر لوگ اپنا رعب داب جمانے کے لئے سختی کرتے ہیں۔ حالانکہ حقیقی رعب سختی سے نہیں بلکہ نرمی سے پڑتا ہے۔ اس لئے نرمی سے ہی کام لینا چاہئے۔ (انوار العلوم جلد 5، ص 437-436)

## حیات طیبہ کے طلبگار

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔
میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ اپنی جماعت کو وصیت کروں اور یہ بات پہنچا دوں آئندہ ہر ایک کا اختیار ہے کہ وہ اسے سُنے یا نہ سُنے! اگر کوئی نجات چاہتا ہے اور **حیات طیبہ یا اَبدی زندگی** کا طلبگار ہے، تو وہ اللہ کے لئے اپنی زندگی وقف کرے اور ہر ایک اس کوشش اور فکر میں لگ جاوے کہ وہ اس درجہ اور مرتبہ کو حاصل کرے کہ کہہ سکے کہ میری زندگی، میری موت، میری قربانیاں، میری نمازیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔
(ملفوظات جلد اول صفحہ 370)

احباب دینی رجحان رکھنے والے ذہین بچوں کو وقف کرنے اور جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے تیار کریں اور ان کے لئے درد دل سے دعا کریں۔
(وکیل التعلیم تحریک جدید)

## سلسلہ سے پوری واقفیت ہو

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی تحریرات حضرت مسیح موعود کی اہمیت کے متعلق فرماتے ہیں۔
’’اور اللہ تعالیٰ نے جس قدر حضرت مسیح موعود پر افضال و انعام و معارف اور حقائق کھولے ہیں اور جو صداقتیں (دین) میں پائی جاتی ہیں وہ آپ کی کتب میں موجود ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اس وقت (دین) کی حفاظت کا یہی انتظام فرمایا ہے کہ حضرت مسیح موعود کو مبعوث فرمایا اور آپ پر اپنے انعامات کے دروازے کھول دیئے پس بغیر ان کتب کو بار بار پڑھے اور قادیان میں کثرت سے آنے کے ایمان کامل نہیں ہوسکتا۔ جو لوگ سلسلہ کی کتب کو نہیں پڑھتے وہ یاد رکھیں کہ محض سلسلہ میں داخل ہو جانا کوئی بات نہیں جب تک کہ سلسلہ سے کماحقہٗ واقفیت نہ پیدا ہو۔
(الفضل 19 جون 1917ء)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو حقائق و معارف کے اس خزانے سے وافر حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے۔
(مرسلہ: نظارت اشاعت ربوہ)

☆............☆............☆

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ............مطبع: ضیاء الاسلام پریس ............مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ............ قیمت 5 روپے

# 17 ویں سالانہ تقریب تقسیم انعامی سکالرشپس و گولڈ میڈلز

## نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان

نظارت تعلیم کے انعامی سکالرشپس اور گولڈ میڈلز کی 17 ویں سالانہ تقریب تقسیم انعامات مورخہ 15 مارچ 2015ء کو شام 5 بجے ایوانِ ناصر (دفتر انصاراللہ پاکستان) میں منعقد ہوئی۔اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی تھے۔تلاوت قرآن کریم کے بعد رپورٹ پیش کی گئی۔بعدۂ اعزاز پانے والے طلباء و طالبات میں میڈلز اور سکالرشپس بیک وقت تقسیم ہوئے۔طلباء کو محترم ناظر صاحب اعلیٰ وامیر مقامی نے بالائی ہال میں انعامات دیئے جبکہ طالبات کو محترمہ صاحبزادی امۃ القدوس صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ پاکستان نے زیریں ہال میں انعامات سے نوازا۔

رپورٹ میں بتایا گیا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے نظارت تعلیم ہر سال تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے احمدی سٹوڈنٹس کیلئے انعامی سکالرشپس کی تقریب کا اہتمام کرتی ہے۔ درخواستیں موصول کرنے کیلئے ان تمام سکالرشپس کا اعلان روزنامہ الفضل میں کیا جاتا ہے۔اور موصولہ درخواستوں میں سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کو انعامات دیئے جاتے ہیں۔ہر ایک سکالرشپ حضرت خلیفۃ المسیح کی منظوری کے ساتھ جاری کیا جاتا ہے۔نیز عموماً سکالرشپ جاری کنندہ کی خواہش کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے۔تمام سکالرشپس کا تفصیلی تعارف، criteria اور درخواست دینے کا طریقہ کار وقتاً فوقتاً روزنامہ الفضل میں شائع کروایا گیا۔ ان درخواستوں کی روشنی میں زیادہ سے زیادہ حاصل کردہ نمبروں کا Update ساتھ ساتھ الفضل میں شائع کروایا جاتا رہا۔امسال **کُل انعامات 52 ہیں جن میں سے 21 انعامات طلباء اور 31 انعامات طالبات** نے حاصل کئے ہیں۔جبکہ بعض طلباء و طالبات نے ایک سے زائد سکالرشپس بھی حاصل کئے۔

(نوٹ: یہ تفصیلی رزلٹ روزنامہ الفضل 26 فروری 2015ء میں شائع ہو چکا ہے)

سکالرشپس کو مندرجہ ذیل تین مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔جنرل سکالرشپس،میڈیکل سکالرشپس، دیگر سکالرشپس

## جنرل سکالرشپس

یہ ایسے سکالرشپس ہیں جو صرف زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے احمدی طلبہ کو دیئے جاتے ہیں ان کے لیے مزید کسی قسم کی کوئی شرط نہیں ہے۔

ان سکالرشپس کے نام درج ذیل ہیں۔

1۔ صدیق بانی میٹرک سکالرشپ
2۔ صدیق بانی گولڈ میڈل و سکالرشپ
3۔ خورشید عطاء سکالرشپ
4۔ صادقہ فضل سکالرشپ

## میڈیکل سکالرشپس

یہ سکالرشپس ایسے طلباء وطالبات کو دیئے جاتے ہیں جنہوں نے F.Sc (Pre Medical) کے بعد منظور شدہ میڈیکل کالج میں MBBS میں داخلہ حاصل کیا ہو۔ یہ سکالرشپس بھی بلحاظ پوزیشن دیئے جاتے ہیں۔ان سکالرشپس کے نام درج ذیل ہیں۔

1۔ڈاکٹر عبدالسمیع سکالرشپ
2۔مرزا مظہر احمد سکالرشپ
3۔سندس باجوہ سکالرشپ
4۔امۃ الکریم زیروی سکالرشپ
5۔ملک دوست محمد سکالرشپ
6۔حفیظن بیگم مرزا عبدالحکیم بیگ سکالرشپ
7۔رفیع اظہر سکالرشپ

## دیگر سکالرشپس

اس سے مراد وہ تمام سکالرشپس ہیں جن میں سے ہر سکالرشپ کا علیحدہ معیار ہے۔ان سکالرشپس کے نام درج ذیل ہیں۔

1۔خالدہ افضل سکالرشپ
2۔ملک مقصود احمد شہید (سرائے والا) سکالرشپ برائے کامرس
3۔پروفیسر رشیدہ تسنیم خان سکالرشپ
4۔میاں عبدالحی سکالرشپ
5۔مرزا غلام قادر شہید سکالرشپ
6۔عبدالوہاب خیر النساء سکالرشپ (صرف واقفین نو طلباء وطالبات کے لئے)
7۔نواب عباس احمد خان سکالرشپ
8۔خلیل احمد سونگی شہید سکالرشپ
9۔عزیز احمد میموریل سکالرشپ
10۔سید وقاص صباء شاہ سکالرشپ
11۔غلام احمد خان ظہور و ناصرہ بیگم سکالرشپ
12۔امسال حضور انور ایدہ اللہ کی اجازت سے تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹ ایسوسی ایشن یو ایس اے انعامی سکالرشپ کا آغاز ہوا۔جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

TICA USA Scholarship I

نظارت تعلیم کے تحت کالجز میں انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں پہلی تین پوزیشن حاصل کرنے والے طالبعلم یا طالبہ کو دیا جاتا ہے۔

TICA USA Scholarship IV

پاکستان کے کسی بھی منظور شدہ یونیورسٹی سے بی ایس (چار سالہ) کسی بھی مضمون میں مکمل کرنے پر موصولہ درخواستوں میں اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے پر دیا جاتا ہے۔

TICA USA Scholarship V

کسی منظور شدہ یونیورسٹی سے کسی بھی مضمون میں ایم فل/ایم ایس کی تعلیم مکمل کرنے پر موصولہ درخواستوں میں اول اور دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر دیا جاتا ہے۔

TICA USA Scholarship VI

کسی منظور شدہ یونیورسٹی سے MBBS اور بیچلرز آف انجینئرنگ کی تعلیم مکمل کرنے پر دیا جاتا ہے۔ایک انعام MBBS کیلئے اور ایک بیچلرز آف انجینئرنگ کے لئے۔

2014ء نظارت تعلیم کے سکولز کے مابین Logo Competition کروایا گیا۔

جماعتی ادارہ جات میں کام کرنے والے جونیئر ڈاکٹرز میں ریسرچ کو فروغ دینے کی خاطر نظارت تعلیم نے ان کی حوصلہ افزائی کیلئے انعامی رقم وسند امتیاز دینے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔امسال تین جونیئر ڈاکٹرز سینئر ڈاکٹرز کے ساتھ ایک ریسرچ پیپر میں Co-Author رہے اور ان کا ریسرچ پیپر Pakistan Paediatric Journal میں شائع ہوا۔ان میں سے دو ڈاکٹرز نے مختلف کانفرنس میں اپنی ریسرچ پیش کی۔نیز ان ڈاکٹرز نے دسمبر 2014 میں ربوہ میں منعقد ہونے والی International Paediatric Conference میں نمایاں خدمات پیش کیں۔

2014ء نظارت تعلیم کے مختلف شعبہ جات سے منسلک اساتذہ کو نیشنل وانٹرنیشنل کانفرنسز میں ریسرچ پیپرز پیش کرنے کے مواقع ملے۔جن کو نظارت تعلیم کی طرف سے سند امتیاز دی گئی۔

امسال حضور انور ایدہ اللہ کی اجازت سے **سعدیہ عصمت ٹیچرز ایوارڈ** کا آغاز ہو رہا ہے۔یہ ایوارڈ نظارت تعلیم کے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے ان اساتذہ کیلئے ہے جن کی کارکردگی سال بھر میں سب سے بہتر رہی۔اس ایوارڈ کی انعامی رقم مبلغ 50 ہزار روپے ہے۔امسال انٹرمیڈیٹ لیول پر مکرمہ وردہ فاطمہ صاحبہ کی کارکردگی سب سے بہتر رہی۔

نظارت تعلیم نے ریسرچ کو فروغ دینے کے لئے 2014ء سے اپنے ان اساتذہ کے لئے جن کا ریسرچ پیپر HEC سے تسلیم شدہ Journals میں شائع ہو Author کے لئے 20 ہزار روپے جبکہ Co-Author کے لئے مبلغ 10 ہزار روپے کا انعام مقرر کیا گیا ہے۔

2014ء ناصر ہائی سکول کے استاد مکرم وقار ناصر صاحب نے فضل عمر ہسپتال کے ڈاکٹرز کے ساتھ مل کر ایک پراجیکٹ پر کام کیا اور ان کے کل دو ریسرچ پیپرز شائع ہوئے۔اس لئے یہ 20 ہزار روپے انعامی سکالرشپ کے حقدار قرار پائے۔

دسمبر 2014ء میں نظارت تعلیم کے تحت انٹرنیشنل Paediatric کانفرنس کا انعقاد ہوا۔اس کانفرنس میں کل 6 جونیئر ڈاکٹرز نے Poster Presentations پیش کئے۔ان میں ڈاکٹر قانتہ علوی صاحبہ کی Presentation سب سے بہترین رہی اور 25 ہزار روپے انعامی سکالرشپ کی حقدار قرار پائیں۔

## LUMS Sports Festival 2015

امسال نظارت تعلیم کے تحت دو ٹیموں نے اس فیسٹیول میں پہلی دفعہ شرکت کی اور اعلیٰ کامیابی کا مظاہرہ کیا۔ان ٹیمز کی حوصلہ افزائی کیلئے نظارت تعلیم کی طرف سے تمام حصہ لینے والوں کو شیلڈز اور سرٹیفکیٹس دیئے گئے۔

اللہ تعالیٰ تمام سکالرشپ حاصل کرنے والوں کو مزید ترقیات سے نوازے۔آمین

آخر پر مہمان خصوصی نے چند دعائیہ کلمات کے بعد دعا کرائی۔جس کے بعد مہمانان کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

☆..........☆..........☆

## عشرہ تعلیم

نظارت تعلیم کے تحت پہلا تعلیمی عشرہ یکم تا 10/اپریل 2015ء منایا جا رہا ہے۔اس عشرے میں تمام سیکرٹریان تعلیم جماعت کوشش کریں کہ درج ذیل امور کی طرف توجہ رہے۔

☆تمام طلبہ/ طالبات کے کوائف اکٹھے کئے جائیں باقاعدہ رجسٹر تیار کیا جائے۔

☆ڈراپ آؤٹ طلباء/ طالبات سے خصوصی طور پر ملا جائے ایسے طلبہ جنہوں نے گزشتہ تین سالوں میں بارہویں کلاس سے پہلے تعلیم ترک کی ہوئی ہے انہیں دوبارہ تعلیم جاری کرنے کیلئے کہا جائے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ’’میں کہوں گا کہ ہر احمدی بچہ کم از کم ایف اے ضرور پاس کرے۔‘‘

☆سیمینارز، کوچنگ کلاسز اور کونسلنگ کی جائے۔

☆سکول میں اول، دوم، سوم آنے والوں کو انعامات دینے کی تقریبات کی جائیں۔

☆لائبریریوں کا قیام عمل میں لایا جائے جن میں درسی کتب رکھی جائیں۔

☆حضور انور کی خدمت میں دعائیہ خطوط خصوصی طور پر لکھوائے جائیں۔

☆میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے رزلٹ اکٹھے کئے جائیں۔

☆امداد طلباء کے لئے خصوصی توجہ دی جائے وعدہ جات اور ان کی ادائیگی کی بھرپور کوشش کی جائے۔

☆اپنی کارکردگی کی رپورٹ عشرہ منانے کے بعد سیکرٹریان تعلیم اضلاع کی وساطت سے مرکز بھجوائی جائے۔

☆سیکرٹریان تعلیم اضلاع اپنی ماہانہ رپورٹ کے ساتھ عشرہ کی رپورٹ بھجوائیں۔

☆گزشتہ عشرہ میں جو کمی رہ گئی تھی اب اسے پورا کیا جائے۔

(نظارت تعلیم ربوہ)

# بحر عرفان۔ روحانی زندگی کے راز

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات جمعہ 2014ء کے موضوعات

قسط اول

مرتبہ: مکرم محمد محمود طاہر صاحب

### 2013ء میں ہونے والے افضال الٰہی اور وقف جدید کے سال نو کا اعلان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 3 جنوری | 2014ء |
| الفضل | 18 فروری | 2014ء |

نئے سال کی مبارکباد۔ 2013ء میں ترقیات کا بیان۔ دوروں کے دوران 18 کروڑ لوگوں تک پیغام حق پہنچا۔ مختلف ایمان افروز واقعات کا بیان۔ وقف جدید کے 57ویں سال کا اعلان۔ جماعت نے 54 لاکھ 84 ہزار پاؤنڈ کی قربانی پیش کی اور شاملین کی تعداد 10 لاکھ 40 ہزار 720۔ برطانیہ اول، پاکستان دوم اور امریکہ سوم رہا۔ یوسف لطیف صاحب آف بوسٹن امریکہ کا ذکر خیر۔

### عملی اصلاح کے طریق

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 10 جنوری | 2014ء |
| الفضل | 25 فروری | 2014ء |

عملی اصلاح کے اعلیٰ معیار حاصل کرنے کے لئے عمل کی راہ میں رکاوٹوں کی نشاندہی اور ان کے تدارک کا بیان۔ قوت ارادی، قوت علمی اور عملی بڑھانے کی تلقین۔ اسائلم لینے والوں کو سچائی پر قائم رہنے کی تلقین۔ ماسٹر مشرق علی صاحب آف کلکتہ کا ذکر خیر۔

### عملی اصلاح کے بارہ میں مزید بیان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 17 جنوری | 2014ء |
| الفضل | 4 مارچ | 2014ء |

گزشتہ خطبہ کے مضمون کو مزید آگے بڑھایا۔ عملی قوت ایمان کے بڑھنے سے بڑھتی ہے۔ عملی اصلاح کی راہ میں حائل رکاوٹوں اور اسباب کو دور کرنے کے لئے اپنے اندر قوت ارادی مضبوط کرنا، علمی کمزوری کو دور کرنا اور عملی طاقت پیدا کرنا ضروری ہے۔ ہمارے عہدیدار اور ذیلی تنظیمیں ان کمزوریوں کو دور کرنے کا ذریعہ بنیں اور اپنا عملی نمونہ پیش کریں۔ مکرم ارسلان سرور صاحب آف راولپنڈی کا ذکر خیر۔

### عملی اصلاح کے ذرائع

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 24 جنوری | 2014ء |
| الفضل | 11 مارچ | 2014ء |

انسان کی عملی اصلاح کے تین ذرائع قوت ارادی، قوت علمی اور قوت عملی پر سلسلہ خطبات کا مزید بیان۔ مربیان امراء اور عہدیداران نیک نمونہ بنیں اور مسیح موعود کی پاک تعلیم کو جماعت تک پہنچائیں۔ مربیان اور عہدیداران کو قیمتی نصائح۔ دو مرحومین کا ذکر خیر۔

### عملی اصلاح اور مربیان عہدیداران کا کردار

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 31 جنوری | 2014ء |
| الفضل | 18 مارچ | 2014ء |

گزشتہ خطبہ میں بیان اصلاح اعمال کے حوالے سے مربیان، امراء اور عہدیداران کی ذمہ داریوں، عملی اصلاح کرنے میں ان کا اپنا کردار اور عملی نمونہ پیش کرنے سے متعلق نصائح۔ خلافت کا صحیح فہم و ادراک پیدا کرنا مربیان کے کاموں میں سے اہم کام ہے۔ آخر پر مسلم ممالک کے حالات کا بیان اور ان کے لئے دعا کی تحریک۔

### ایک الہام پر اعتراض کا جواب اور عملی اصلاح کے بارہ حضور کے اقتباسات کی تشریح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 7 فروری | 2014ء |
| الفضل | 25 مارچ | 2014ء |

راہ ہدیٰ پروگرام میں حضرت مسیح موعود کے الہام دس دن بعد میں موج دکھاتا ہوں پر اعتراض کی تفصیلی وضاحت اور جواب۔ جماعت کی عملی اصلاح کی فکر کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کے اقتباسات اور نصائح۔ اسلامی ممالک میں مظلوم لوگوں کے لئے دعا کی تحریک۔

### حضرت مسیح موعود کو ملنے والے نشانات اور ان کا مقصد

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 14 فروری | 2014ء |
| الفضل | 2 اپریل | 2014ء |

حضرت مسیح موعود کو ملنے والے نشانات کا آپ کی تحریرات کی رو سے بیان۔ نشانات کا مقصد خدا تعالیٰ اور دین حق کی صداقت کو دنیا پر ظاہر کرنا ہے۔ ہمارا خدا سے سچا تعلق ہونا چاہئے۔ خدا نے ہماری ایمانی قوتوں کو بڑھانے کے واسطے اپنی قدرت کے صدہا نشان دکھائے۔ مکرم رضی الدین صاحب آف کراچی اور ڈاکٹر خالد یوسف صاحب کا ذکر خیر۔

### پیشگوئی پسر موعود اور حضرت مصلح موعود کے علم و عرفان کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 21 فروری | 2014ء |
| الفضل | 8 اپریل | 2014ء |

20 فروری کے حوالہ سے حضرت مسیح موعود کی عظیم الشان پیشگوئی بابت مصلح موعود اور اس کی نشانی ''وہ علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا''۔ پر پُر معارف اور ایمان افروز خطبہ۔ حضور نے حضرت مصلح موعود کے علم و عرفان کے ضمن میں آپ کی کتب، خطبات، لیکچرز و تقاریر کا جائزہ پیش فرمایا اور اس سے استفادہ کی نصیحت فرمائی۔ محترم صاحبزادہ مرزا حنیف احمد صاحب کا ذکر خیر۔

### ویمبلے کانفرنس 1924ء کے حالات اور غیروں کے تاثرات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 28 فروری | 2014ء |
| الفضل | 15 اپریل | 2014ء |

ستمبر 1924ء میں لندن میں ہونے والی مذہبی کانفرنس المعروف ویمبلے کانفرنس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی شمولیت، کانفرنس کے حالات اور خلیفہ ثانی کے بارے انگریزوں کے تاثرات اور یورپ میں دین حق کا حقیقی پیغام کا پہنچنا۔ فضل عمر فاؤنڈیشن کو حضرت مصلح موعود کے علمی خزانے کے تراجم میں تیزی پیدا کرنے کی تلقین۔ مکرم کمال احمد کرو صاحب آف ڈنمارک کا ذکر خیر۔

### مذاہب عالم امن کانفرنس برطانیہ کے احوال

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 7 مارچ | 2014ء |
| الفضل | 22 اپریل | 2014ء |

جماعت احمدیہ برطانیہ کے سو سال پورے ہونے پر ماہ فروری میں ایک بین المذاہب امن کانفرنس کا انعقاد جماعت احمدیہ نے کیا جس میں مذہبی نمائندگان کے علاوہ سیاسی راہنما اور حقوق انسانی کے نمائندے بھی شریک ہوئے۔ حضور انور نے بصیرت افروز خطاب فرمایا۔ اس کانفرنس کا احوال، غیروں کے تاثرات اور تائید الٰہی کے نظاروں کا بیان۔ مسلم ممالک کے لئے دعا کی تحریک۔

### معرفت الٰہی کی حقیقت اور اس کا حصول

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 14 مارچ | 2014ء |
| الفضل | 29 اپریل | 2014ء |

معرفت الٰہی کی حقیقت، خدا تعالیٰ کی پہچان، اس کی محبت اور اس کے نتیجہ میں گناہوں سے نجات، اعمال صالحہ کی قوت حاصل ہونا یہ حضرت مسیح موعود کی بعثت کی اصل غرض ہے۔ حضرت مسیح موعود کی تحریرات سے اس کی حقیقت کا بیان۔

### صداقت حضرت مسیح موعود اور خدائی نشانات کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 21 مارچ | 2014ء |
| الفضل | 6 مئی | 2014ء |

معرفت الٰہی کے حوالہ سے گزشتہ خطبہ کے تسلسل میں ایک اقتباس کی وضاحت۔ حضرت

مسیح موعود کی آمد و صداقت اور آپ کے حق میں الٰہی تائیدات اور نشانات پر مشتمل حضرت مسیح موعود کی تحریرات۔ مختلف نشانات کا تذکرہ۔ پاکستان، شام اور مصر کے احمدیوں کے لئے دعا کی تحریک۔ مکرمہ لطیفہ الیاس صاحبہ آف امریکہ کا ذکر خیر۔

## صداقت حضرت مسیح موعود اور آپ کی تائید میں نشانات کا سلسلہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 28 مارچ | 2014ء |
| الفضل | 13 مئی | 2014ء |

گزشتہ خطبہ کے تسلسل میں حضرت مسیح موعود کے نشانات کے بارہ میں آپ کے اقتباسات اور کچھ ایمان افروز واقعات۔ تائید میں تین لاکھ سے بھی زیادہ نشانات ظاہر ہوئے۔ نشانات کا سلسلہ جاری ہے۔ قبول احمدیت کے بعض تازہ نشانات کا تذکرہ تمام احمدیوں کی سلامتی کے لئے دعا کی تحریک۔

## محبت الٰہی کی حقیقت اور اس کے حصول کے طریق

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 4 اپریل | 2014ء |
| الفضل | 20 مئی | 2014ء |

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کی محبت الٰہی سے متعلق ارشادات بیان فرمائے جن میں آپ نے محبت الٰہی کی حقیقت، اس کے حصول کا راز اور اس کی فلاسفی بیان فرمائی۔ سچی محبت کی علامات، گناہ کی خشکی کا علاج، قرب الٰہی کے لئے اعمال صالحہ ضروری ہیں۔

## ایک عظیم الشان خدائی نشان خطبہ الہامیہ کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 11 اپریل | 2014ء |
| الفضل | 28 مئی | 2014ء |

ایک عظیم الشان خدائی نشان خطبہ الہامیہ جو حضرت مسیح موعود کی تائید میں عربی زبان میں 11 اپریل 1900ء کو عیدالاضحیٰ کے موقع پر ظاہر ہوا جس کے 200 گواہ تھے۔ اس نشان کا بیان رفقاء کی روایات اور غیروں کے بیانات کی روشنی میں۔

## ہستی باری تعالیٰ اور اس سے زندہ تعلق

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 18 اپریل | 2014ء |
| الفضل | 3 جون | 2014ء |

خدا تعالیٰ کی ہستی، توحید باری تعالیٰ اور اس کے زندہ وجود ہونے کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کے ارشادات۔ اللہ تمام قدرتوں کا مظہر اور تمام فیوض کا سرچشمہ ہے۔ سچی توحید آنحضرتؐ کی ذات سے میسر آسکتی ہے اور اسی سے انسان کی نجات ہے۔

## محترم محمود احمد شاہد صاحب بنگالی کا ذکر خیر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 25 اپریل | 2014ء |
| الفضل | 10 جون | 2014ء |

ممتاز خادم سلسلہ اور امیر و مشنری انچارج جماعت احمدیہ آسٹریلیا محمود احمد شاہد صاحب بنگالی کی وفات پر آپ کا ذکر خیر، خاندانی حالات اور جماعتی خدمات کا تذکرہ آپ خلفاء وقت کے سلطان نصیر اور خلیفہ وقت کے ساتھ نبض کی طرح چلنے والے تھے۔

## قرب الٰہی کی حقیقت اور حصول کے ذرائع

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 2 مئی | 2014ء |
| الفضل | 17 جون | 2014ء |

حضرت مسیح موعود کے ارشادات کی روشنی میں قرب الٰہی کی حقیقت، اہمیت اس کے حصول کے طریق اور ذرائع اور جماعت سے اس کی توقعات۔ عبادت، اتباع نبویؐ، استغفار، ہمدردی خلق، اعمال صالحہ کے ذرائع کا بیان۔ پاکستانی احمدیوں کے لئے دعا کی تحریک۔

## جماعتی نعرہ ”محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں“ کی غرض اور قیام توحید

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 9 مئی | 2014ء |
| الفضل | یکم جولائی | 2014ء |

جماعت کے نعرہ محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں کی وضاحت۔ اس کی اصل غرض قیام توحید اور سچی ہمدردی خلق ہے۔ آنحضورؐ کے آنے سے حقیقی توحید قائم ہوئی۔ ہمیں اس زمانہ میں توحید کا ادراک حضرت مسیح موعود سے حاصل ہوا۔ توحید کا مطلب اور ہماری ذمہ داریاں۔

## توحید کی حقیقت اور اس کا قیام

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 16 مئی | 2014ء |
| الفضل | 8 جولائی | 2014ء |

گزشتہ خطبہ کے تسلسل میں توحید کے مضمون کی حقیقت اور اس کے قیام کے بارہ میں خطبہ احکام خداوندی کی بجا آوری سے سچی توحید اور محبت الٰہی حاصل ہوتی ہے۔ توحید کی برکات آنحضرتؐ کے اسوہ حسنہ پر چل کر اعمال صالحہ بجا لانے سے ملیں گی۔

## جماعت پر ہونے والے مظالم اور ترقی کے نئے راستے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 23 مئی | 2014ء |
| الفضل | 15 جولائی | 2014ء |

جماعت احمدیہ کی قربانیوں کا تذکرہ۔ جماعت احمدیہ میں جان مال وقت اور عزت کی قربانی دین کی خاطر دینے کے اعلیٰ نمونے موجود ہیں۔ دنیاوی احتجاجوں اور واویلوں پر ہمارا یقین نہیں ہمارے ساتھ خدائی وعدے ہیں۔ ہمارا انحصار خدا تعالیٰ پر ہے اور یہی مومن کی شان ہے۔ اللہ ہمارے لئے ترقی کے نئے راستے کھولتا ہے اگر ایک جگہ ابتلا پیش ہے۔ یہ ابتلا ہمارے ترقی کی رفتار تیز کرنے والے ہیں۔ مرحومین کا ذکر خیر۔

## یوم خلافت، خلافت جوبلی دعائیں اور ڈاکٹر مہدی علی صاحب کا ذکر خیر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 30 مئی | 2014ء |
| الفضل | 22 جولائی | 2014ء |

خلافت سے وابستہ لوگوں کو انعام کا وارث ٹھہرایا گیا ہے۔ ہر پریشانی اور مشکل کے وقت ہمیں خدا تعالیٰ کے آگے جھکنا چاہئے۔ حضور نے دعاؤں کی طرف توجہ دلائی۔ خلافت جوبلی والی دعاؤں کو نہیں بھولنا چاہئے۔ بطور یاد دہانی ان دعاؤں کا تذکرہ۔ مخلص، فدائی اور نافع الناس وجود ڈاکٹر مہدی علی قمر صاحب کی راہ مولیٰ میں قربانی اور ذکر خیر۔

## اطاعت امامت و خلافت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 6 جون | 2014ء |
| الفضل | یکم اگست | 2014ء |

افلا ینظرون الی الابل کی تشریح۔ نبوت اور امامت کی اطاعت۔ بنیادی شرط اطاعت کامل ہے۔ سچے دل سے اطاعت اختیار کرنے سے دل میں نور اور روح میں لذت اور روشنی آتی ہے۔ خلیفہ وقت کے فیصلے کے بعد اپنی رائے کو بھلا دینا چاہئے۔ خلافت کا مقصد قیام توحید اور حقوق العباد کی طرف توجہ دلانا ہے۔ جرمنی کو فتح کرنے کے بارے غلط فہمی کا ازالہ۔

## جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر خطبہ۔ جلسہ کے مقاصد اور عملی اصلاح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 13 جون | 2014ء |
| الفضل | 5 اگست | 2014ء |

کالسروئے میں 39 واں جلسہ سالانہ جرمنی کا آغاز۔ جلسہ کے مقاصد کو حاصل کریں اور عملی اصلاح کریں۔ اسائلم سیکرز جماعت کے سفیر بن کر کردار ادا کریں۔ مہمان نوازی کے اعلیٰ معیار نظر آنے چاہئیں۔ سیکیورٹی کی طرف توجہ۔

## دورہ جرمنی کی ایمان افروز روداد

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 20 جون | 2014ء |
| الفضل | 12 اگست | 2014ء |

جلسہ سالانہ جرمنی اور مختلف تقریبات میں میڈیا کوریج، مہمانوں کے تاثرات، جلسہ سالانہ کے روحانی ماحول اور اس کے نیک اثرات۔ بیوت الذکر کے افتتاح اور سنگ بنیاد سے 3 کروڑ 70 لاکھ افراد تک میڈیا کے ذریعہ پیغام پہنچا۔ جلسہ سالانہ جرمنی میں ساؤنڈ سسٹم کی خرابی اور روٹی کے متعلق خامیوں کو دور کرنے کی توجہ۔ عہدیداروں کو ہدایات کہ اپنے خولوں سے باہر آئیں۔

## امیر غانا محترم مولانا عبدالوہاب بن آدم کا ذکر خیر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 27 جون | 2014ء |
| الفضل | 19 اگست | 2014ء |

فدائی خادم سلسلہ محترم مولانا عبدالوہاب بن آدم امیر و مشنری انچارج غانا کی وفات پر ذکر خیر اور خدمات پر خراج تحسین۔ پہلے افریقن مرکزی مربی۔ پہلے افریقن امیر و مشنری انچارج۔ خلافت کے جاں نثار، سلطان نصیر اور دست و بازو تھے۔ دین کے ساتھ دنیاوی اعزازات بھی حاصل کئے سرکاری پروٹوکول کے ساتھ تدفین ہوئی۔

## روزوں کی اہمیت و برکات اور تقاضے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 4 جولائی | 2014ء |
| الفضل | 26 اگست | 2014ء |

رمضان کے آغاز پر روزوں کی اہمیت، برکات اور روزے دار کے تقاضوں کا بیان۔ تقویٰ، تبتل اور انقطاع الی اللہ کی تعلیم۔ انجام کار متقی ہی ہیں۔ آنحضورؐ پر بنائی جانے والی ایک فلم کی پُرزور مذمت۔ آپؐ پر رمضان میں بکثرت درود شریف پڑھنے کی تحریک۔

## برکات قرآن کریم اور رمضان المبارک

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 11 جولائی | 2014ء |
| الفضل | 2 ستمبر | 2014ء |

قرآن کریم کی برکات عظمت واہمیت اور رمضان کے ساتھ اس کی نسبت۔ کمالات نبوت آنحضورؐ پر اور اعجاز کلام کے کمالات قرآن شریف پر ختم ہوئے۔ قرآن پر غور وفکر اور عمل کی تلقین۔ رمضان میں تلاوت قرآن اور دور ختم کرنے کی نصیحت۔

## رمضان کی برکات، رحمت، مغفرت اور توبہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 18 جولائی | 2014ء |
| الفضل | 9 ستمبر | 2014ء |

مایوسی گناہ ہے۔ اللہ کی رحمت کی خوشخبری بندوں کو عطا ہوئی۔ رمضان کی برکات، رحمت، مغفرت، توبہ، نماز اور لیلۃ القدر کا مضمون۔ رمضان حصول نیکیوں کا ذریعہ۔ توبہ کی شرائط، مرحومین کا تذکرہ۔

## رمضان کے آخری عشرہ کی برکات اور لیلۃ القدر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 25 جولائی | 2014ء |
| الفضل | 16 ستمبر | 2014ء |

آخری عشرہ میں لیلۃ القدر اور جمعۃ الوداع کی حقیقت۔ وہ گھڑی جس کی مناسبت سے اسے لیلۃ القدر کہا گیا وہ قومی اتحاد واتفاق سے تعلق رکھتی ہے۔ جمعۃ الوداع کی تشریح خود ساختہ ہے۔ فلسطین کے مسلمانوں کے لئے دعا کی تحریک اور مظالم کی مذمت۔

## حقیقی عید کا پیغام

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ عیدالفطر | 30 جولائی | 2014ء |
| خلاصہ الفضل | 4/ اگست | 2014 |

عید مومن کے لئے اس وقت حقیقی اور دائمی بنتی ہے جب وہ اس کے لوازمات پورے کرے، نماز، روزہ، صدقہ وخیرات اور قرآنی احکام روحانی زندگی کے لئے بہت اہم ہیں۔ ایمان بشاشت سے پیدا ہوتا ہے۔ عمل خوشی سے کیا جائے بوجھ نہ سمجھا جائے۔ یہی حقیقی عید کا پیغام ہے۔ نیکیوں کو مسلسل کرنا ہے۔ گوجرانوالہ میں قربانی دینے والوں کا ذکر۔

## جماعت اور قربانیاں سانحہ گوجرانوالہ کا ذکر

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | یکم اگست | 2014ء |
| الفضل | 23 ستمبر | 2014ء |

دین کے احیاء نو کے لئے جماعت احمدیہ کو جانی اور مالی قربانیاں دینا پڑیں گی۔ مخالفین اپنے بدانجام کو پہنچیں گے اور مومن انجام کار ہوں گے۔ خدا ہمیں ضائع نہیں کرے گا۔ 125 سالہ تاریخ گواہ ہے۔ گوجرانوالہ کے احمدیوں نے قربانیوں کی نئی مثال قائم کر دی۔ سانحہ گوجرانوالہ کی تفصیلات مرحومین کا ذکر خیر اور زخمیوں کے لئے دعا کی تحریک۔

## ابتلاؤں کے اس دور میں متضرعانہ دعاؤں کی تلقین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 8/ اگست | 2014ء |
| الفضل | 30 ستمبر | 2014ء |

ہماری کامیابی کا ہتھیار دعا ہی ہے۔ اس وقت دنیا میں بہت مظالم ہو رہے ہیں جیسے فلسطینیوں پر۔ دوسرے مسلم ممالک میں، احمدیوں پر ظلم ہو رہے ہیں۔ ہمیں ان ابتلاؤں اور تکالیف کے دور میں پہلے سے بڑھ کر اللہ کی طرف جھکنے کی ضرورت ہے اور متضرعانہ دعائیں کریں۔ ابتلاؤں کو دور کرنے کی دعائیں مانگیں۔

## مامور کو ماننے والوں کو قربانیاں دینی پڑتی ہیں

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 15/ اگست | 2014ء |
| الفضل | 9/ اکتوبر | 2014ء |

مومن کو ہمیشہ مامور کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اپنی اصلاح کے سامان کرتے رہنا چاہئے۔ آنحضورؐ کی ذات کامل نمونہ، وہ کان خلقہ القرآن اور رحمۃ للعالمین ہیں۔ مامور کے ماننے والوں کو قربانیاں دینی پڑتی ہیں۔ رفقاء مسیح موعود نے بہت قربانیاں دیں۔ آج بھی اپنے ایمانوں کی حفاظت کرنی ہے اللہ اس جماعت کو تمام ملکوں میں پھیلا دے گا۔

## کارکنان جلسہ سالانہ برطانیہ کو ہدایات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 22/ اگست | 2014ء |
| الفضل | 14/ اکتوبر | 2014ء |

جلسہ سالانہ برطانیہ کی آمد کے موقع پر کارکنان کو اپنے فرائض عمدگی سے ادا کرنے کی طرف توجہ اور مہمان نوازی کا حق ادا کرنے کی تلقین۔ سیکیورٹی کے شعبہ کو خاص فعال ہونے کی ضرورت ہے۔ باریکی میں جا کر تمام جزئیات کی طرف توجہ دیں۔

## جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد اور شرکاء کو نصائح

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 29/ اگست | 2014ء |
| الفضل | 21/ اکتوبر | 2014ء |

جلسہ سالانہ برطانیہ کے آغاز پر خطبہ جمعہ۔ جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد، عملی اصلاح کرنے، اخلاق فاضلہ اپنانے، انتظامیہ سے تعاون کرنے، ایثار وقربانی کے نمونے دکھانے اور جلسہ کے تین ایام سے بھرپور روحانی فوائد حاصل کرنے کی تلقین اور برکات سمیٹنے کی نصیحت۔

## جلسہ سالانہ برطانیہ پر افضال الٰہی کا تذکرہ

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 5 ستمبر | 2014ء |
| الفضل | 28/ اکتوبر | 2014ء |

جلسہ سالانہ برطانیہ کا کامیاب انعقاد اور افضال الٰہی کا تذکرہ۔ کارکنان جلسہ کے شکریہ کے جذبات۔ جلسہ کا روحانی ماحول ہر سعید فطرت پر اپنا نیک اثر ڈالتا ہے۔ نئے شامل ہونے والے احمدیوں کے تاثرات۔ جلسہ گھانا، سیرالیون اور نائیجیریا کے ٹی وی چینلز نے بھی نشر کیا۔ کمزوریوں کو نوٹ کریں اور اگلے سال بہتری پیدا کریں۔

## خدائی راہنمائی سے قبولیت احمدیت کے ایمان افروز واقعات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 12 ستمبر | 2014ء |
| الفضل | 5 نومبر | 2014ء |

خدا تعالیٰ سے راہنمائی پا کر حضرت مسیح موعود کی سچائی ظاہر ہونے اور احمدیت میں شامل ہونے والوں کے ایمان افروز واقعات۔ اللہ تعالیٰ جماعت کے ایمان کو بڑھانے کے لئے نشانات ظاہر کر رہا اور سلسلہ جاری ہے۔ جرمنی میں ایک احمدی فیملی کے ٹریفک حادثہ کا ذکر۔

## اعمال صالحہ بجالانے سے متعلق دینی تعلیم

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 19 ستمبر | 2014ء |
| الفضل | 11 نومبر | 2014ء |

اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو ہمیشہ عزیز رکھتا ہے۔ اعمال صالحہ بجالانے کے متعلق دینی تعلیم اور حضرت مسیح موعود کی نصائح۔ تمام قسم کی بداخلاقیاں اپنے اندر شرک کا حصہ رکھتی ہیں۔ بداخلاق اللہ کے فضلوں سے حصہ نہیں لے سکتے۔

## آئرلینڈ کی پہلی احمدیہ بیت الذکر بیت مریم کا افتتاح

| | | |
|---|---|---|
